نیوکراچی ٹاؤن یوسی 6 کے حق پرست جنرل ایس ایم فاروق احمد کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔14، اکتوبر 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے نیوکراچی ٹاؤن UC-6 کے حق پرست جنرل کونسلر ایس ایم فاروق احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان کے آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارن کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

حق پرست جنرل کونسلر ایس ایم فاروق احمد ولد شیخ نصیر الدین انتقال کر گئے
مرحوم کو محمد شاہ قبرستان ڈسکو موڑ نارتھ کراچی میں سپرد خاک کر دیا گیا

کراچی ۔۔14، اکتوبر 2008ء ۔۔۔ نیوکراچی ٹاؤن UC/6 کے حق پرست جنرل کونسلر ایس ایم فاروق احمد ولد شیخ نصیر الدین طویل علالت کے باعث آج انتقال کر گئے ۔مرحوم کی عمر 60 سال تھی ،مرحوم نے سوگواران میں بیوہ اور چار بچے شامل ہیں ۔مرحوم کو بعد نماز عشاء محمد شاہ قبرستان ڈسکو موڑ نارتھ کراچی میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ان کی نماز جنازہ اللہ عالی مسجد سیکٹر K-11 میں ادا کی گئی ۔نماز جنازہ و تدفین میں نیوکراچی ٹاؤن کے حق پرست ناظم محمد ذوالفقار، نائب ناظم، یوسی ناظمین و نائب ناظمین، جنرل کونسلر، ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر کے ذمہ داران، کارکنان اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی ۔

ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔14 اکتوبر 2008ء ۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے نیوکراچی ٹاؤن UC/6 کے حق پرست جنرل کونسلر ایس ایم فاروق احمد ولد شیخ نصیر الدین ،قصبہ علیگڑھ سیکٹر یونٹ 132 کے کارکن محمد عارف انصاری کے والد محمد حنیف انصاری ،اسی یونٹ کے کارکن ضیاء الدین کے والد شیخ محبوب ، برنس روڈ سیکٹر یونٹ 35 کے کارکن طاہر علی کے والد حفیظ الرحمٰن ،اے پی ایم ایس او گورنمنٹ نیشنل کالج کے یونٹ سیکریٹری فراز غوری کے والد رئیس غوری اور لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 161 کے کارکن فہیم کے والد سید محمد علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے تمام مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔(آمین)

پاکستان کو سب سے بڑا خطرہ مذہبی انتہاء پسندی سے ہے، محمد اشفاق منگی
سیاسی ومذہبی جماعتیں پاکستان کی سلامتی کی خاطر اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کریں، ڈاکٹر سلیم دانش
ایم کیوایم سلاؤ یونٹ کے ذمہ داران کے ناموں کا اعلان
ایم کیوایم سلاؤ یونٹ کے تحت عید ملن پارٹی سے دیگر ذمہ داران کا خطاب

لندن ۔۔14 اکتوبر 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن محمد اشفاق منگی نے کہا ہے پاکستان کو سب سے بڑا خطرہ مذہبی انتہاء پسندی سے ہے اور ایم کیوایم پاکستان کو بچانے کی جدوجہد کر رہی ہے ۔یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم برطانیہ سلاؤ یونٹ کے تحت مقامی کانفرنس سینٹر میں عید ملن پارٹی سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ تقریب میں ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش ،حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ کی درگاہ کے گدی نشین سید ناظم علی نظامی ،حق پرست رکن سندھ اسمبلی نثار پنہور، سلاؤ کے سابق میئر راشد بٹ، پاکستانی کمیونٹی سلاؤ کے چیئر مین شفیق احمد ،ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین محمد ہاشم ،مجاہد عمر ،عبدالحلیم ،سہیل خانزادہ ،ایم کیوایم سلاؤ یونٹ کے ذمہ داران اور کارکنان اور برطانیہ میں مقیم پاکستانیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔اپنے خطاب میں محمد اشفاق منگی نے کہا کہ آج پاکستان کا ہر علاقہ طالبانائزیشن کی لپیٹ میں ہے اور ملک بھر میں خودکش حملوں اور بم دھماکوں میں بے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلایا جا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کو سب سے بڑا خطرہ مذہبی انتہاء پسندی سے ہے اور ایم کیو ایم مذہبی انتہاء پسندی اور طالبانائزیشن کے حوالہ سے عوام میں شعوری بیداری پیدا کر کے پاکستان کو بچانے کی جدوجہد کر رہی ہے ۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین واحد رہنماء ہیں جو پاکستان کی سلامتی کی فکر کر رہے ہیں ۔قبل ازیں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم برطانیہ

یونٹ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے سیاسی و مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں کی گول میز کانفرنس کا مطالبہ وقت کی اہم ترین ضرورت ہے اور وقت کا تقاضا ہے کہ تمام سیاسی و مذہبی جماعتیں پاکستان کی سلامتی کی خاطر اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کریں۔حضرت نظام الدین اولیاء کی درگاہ کے گدی نشین ناظم علی نظامی نے کہا کہ اسلام امن و سلامتی کا دین ہے اور جناب الطاف حسین بھی اسی فکر و فلسفہ کو اپنائے ہوئے ہیں۔انھوں نے جناب الطاف حسین کو کو دوبارہ دورہ ہندوستان کی دعوت بھی دی۔عیدملن پارٹی سے رکن سندھ اسمبلی نثار پنہور اور ایم کیو ایم برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین محمد ہاشم، مجاہد عمر، عبدالحلیم، سہیل خانزادہ نے بھی خطاب کیا۔اس موقع پر ایم کیو ایم برطانیہ یونٹ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش نے سلاؤ یونٹ کے ذمہ داران کے ناموں کا اعلان کیا جسکے مطابق ایم کیو ایم سلاؤ یونٹ کے یونٹ انچارج یوسف قریشی، جوائنٹ انچارجز محمد رفیق اور جمال شیخ، فنانس سیکریٹری اطہر علی جبکہ فاروق مرتضٰی کمیٹی ممبر ہوں گے۔

☆☆☆☆☆